## متحدہ قومی موومنٹ پنجاب کا ورکرز کنونشن آج الحمراء ہال لاہور میں ہوگا
## متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین لندن سے ٹیلیفون پر خطاب کریں گے
## کنونشن میں پنجاب کے 36 اضلاع کے ذمہ داران وکارکنان اور شعبہ خواتین کی کارکنان شرکت کریں گی
## ایم کیوایم پنجاب کی جانب سے ورکرز کنونشن کے انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے

لاہور۔۔۔17، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ پنجاب کا ورکرز کنونشن کل بروز ہفتہ دوپہر 2 بجے لاہور کے الحمراء ہال میں ہوگا جس سے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین لندن سے ٹیلیفون پر خطاب کریں گے۔ایم کیوایم پنجاب کے ورکرز کنونشن میں لاہور سمیت پنجاب کے اضلاع سرگودھا، فیصل آباد، مظفر گڑھ، حافظ آباد، گوجرانوالہ، اوکاڑہ، رحیم یار خان، خوشاب، وہاڑی، بہاولپور، بہاولنگر، لودھراں، ملتان، خانیوال، ڈیرہ غازی خان، لیہ، اسلام آباد، راولپنڈی، میانوالی، منڈی بہاؤالدین، سیالکوٹ، پاکپتن، شیخوپورہ، ساہیوال، اٹک، ننکانہ صاحب، بھکر، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، راجن پور، جہلم، گجرات، قصور، نارووال اور ضلع چکوال سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان کے علاوہ ایم کیوایم شعبہ خواتین لاہور، مظفر گڑھ اور لیہ سے تعلق رکھنے والی خواتین ذمہ داران وکارکنان بھی شرکت کریں گی۔ایم کیوایم پنجاب کے ذمہ داران وکارکنان کی جانب سے ورکرز کنونشن کے انتظامات کی تیاریوں کا سلسلہ جاری ہے اوراس سلسلے میں کارکنان میں جوش وخروش پایا جاتا ہے۔ورکرز کنونشن کے سلسلے میں الحمراء ہال میں اور اطراف کی سڑکوں پر ایم کیوایم کے پرچم لگانے اور بینرز آویزاں کئے جارہے ہیں جبکہ ہال میں اسٹیج اوراسکرین کی تیاریوں کو بھی حتمی شکل دی جارہی ہے۔کنونشن کے انعقاد کے سلسلے میں معاونت کیلئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار کراچی سے روانہ ہوگئے ہیں جبکہ حق پرست ارکان قومی اسمبلی حیدرعباس رضوی، عبدالوسیم، اقبال محمد علی خان اور ایم کیوایم پنجاب کی نگراں کمیٹی کے ارکان لاہور پہنچ چکے ہیں۔ایم کیوایم پنجاب کی جانب سے ورکرز کنونشن میں شرکت اور پروگرام کی کوریج کیلئے پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے نمائندگان کو دعوت نامے جاری کردیئے گئے ہیں۔ایم کیوایم پنجاب کے ورکرز کنونشن سے قائد تحریک جناب الطاف حسین لندن سے ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔

## حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے الحمراء ہال لاہور کا دورہ کیا

لاہور۔۔۔17، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی حیدرعباس رضوی، اقبال محمد علی خان اور عبدالوسیم نے جمعہ کے روز الحمراء ہال لاہور کا دورہ کیا اور ایم کیوایم پنجاب کے ورکرز کنونشن کے سلسلے میں جاری انتظامات کا جائزہ لیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کی نگراں کمیٹی کے ارکان ارشاد ظفیر، الطاف زیدی، خالد وہاب، اجمل نصیب اور ایم کیوایم پنجاب کے رکن عنصر علی بٹ بھی ان کے ہمراہ تھے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے الحمراء ہال میں ہونے والے ایم کیوایم پنجاب کے ورکرز کنونشن کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ واضح رہے کہ کل بروز ہفتہ کو دوپہر دو بجے الحمراء ہال لاہور میں ایم کیوایم پنجاب کا ورکرز کنونشن منعقد کیا جارہا ہے جس سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین لندن سے ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔

## اے پی ایم ایس او اور ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔17/اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اے پی ایم ایس او سیکٹر بی کے کارکن ندیم احمد کی والدہ محترمہ بلقیس بانو، ایم کیوایم لیگل ایڈ کمیٹی کے رکن محمد شہزاد علی کی ہمشیرہ زیب النساء اور ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 94 کے کارکن پرویز ستار کی ہمشیرہ شہناز بیگم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت آج بروز ہفتہ اورنگ آباد میں میڈیکل کیمپ لگایا جائے گا

کراچی۔۔۔17/اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام کل بروز ہفتہ کوناظم آباد نز د بڑا میدان اورنگ آباد میں ہیپا ٹائیٹس بی کی تشخیص اورروک تھام کیلئے ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ لگایا جائے گا۔فری میڈیکل کیمپ کا افتتاح میڈیکل کیمپ کا افتتاح خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدراورایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرشیخ لیاقت حسین اوررکن رابطہ کمیٹی سید شعیب بخاری کریں گے۔فری میڈیکل کیمپ میں مریضوں کا چیک اپ کر کے انہیں ادویات فراہم کی جائے گی اورعوام کوہیپا ٹائٹس بی جیسے موذی مرض سے بچاؤ کیلئے مفید مشورے بھی دیئے جائیں گے۔یہ میڈیکل کیمپ ہفتے کی صبح دس بجے شروع ہوگا جہاں ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹرزاور پیرامیڈیکل اسٹاف شہریوں کوعلاج ومعالجہ کی سہولیات فراہم کریں گے۔دریں اثناء خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدرشیخ لیاقت حسین نے حق پرست عوام سے اپیل کی کہ وہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ہیپا ٹائٹس کی تشخیص اورروک تھام کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے فری میڈیکل کیمپ سے بھرپور استفادہ کریں۔

## شب برات کے موقع پرحق پرست قیادت کی جانب سے قبرستانوں کی صفائی ستھرائی اورلائٹنگ کے انتظامات قابل ستائش ہیں،علماءکرام

کراچی۔۔۔17/اگست 2007ء

مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام نے شب برات کے موقع پرحق پرست قیادت کی جانب سے قبرستانوں میں صفائی ستھرائی اورلائٹنگ کے انتظامات پراطمینان کا اظہار کرتے ہوئے شہری حکومت کی تعریف کی ہے۔ان خیالات کا اظہارعلماءکرام نے ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے ارکان سے گفتگو کے دوران کیا۔علماء کرام نے شہری حکومت کی موجودہ حق پرست قیادت نے ماضی کی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے شہریوں کے مسائل کے حل اورترقیاتی کاموں پر بھرپورتوجہ دے رہی ہے۔جسے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام اورعوام کی جانب سے سراہا جارہا ہے۔

## جئے سندھ قومی محاذ کے 30 کارکنان کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کراچی۔۔۔17/اگست 2007ء

جئے سندھ قومی محاذ (جسقم) کے 30 کارکنان نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ پرمکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے اورایم کیوایم کی پرامن جمہوری جدوجہد سے متاثر ہوکرمتحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا۔یہ اعلان انہوں نے جمعہ کے روزایم کیوایم مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیزآباد میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اشفاق منگی،ڈاکٹرنصرت اورصوبائی وزیرشبیراحمد قائمی سے ملاقات کے دوران کیا۔وفد کے ارکان نے ملاقات میں سندھ کی سیاسی صورتحال پرتفصیلی تبادلہ خیال کرتے ہوئے حق پرست قیادت کی جانب سے سندھ کے تمام شہروں اوردیہاتوں میں جاری ترقیاتی منصوبوں کوحق پرست قیادت کی بلاامتیاز وتفریق عملی خدمت قراردیا۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ملک بھر کے مظلوم عوام کوایم کیوایم کے پلیٹ فارم پرمتحد ومنظم کر کے تاریخی کارنامہ انجام دیا ہے اورحق پرستی کا پیغام سندھ کے گوشے گوشے میں پھیل چکا ہے۔اس موقع پراشفاق منگی،ڈاکٹرنصرت اورصوبائی وزیرشبیراحمد قائمی نے وفد کے ارکان کوایم کیوایم میں شمولیت پرخوش آمدید کہا اورانہیں مبارکباد پیش کی۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اورایم کیوایم کا فکروفلسفہ ملک بھر کے عوام کے دلوں میں گھر کررہا ہے۔انشاءاللہ بہت جلد ملک بھر کے عوام متحد ہوکرفرسودہ جاگیردارانہ نظام کے تابوت میں آخری کیل ٹھونک دیں گے۔

## پی ٹی سی ایل کی انتظامیہ صارفین اور محنت کشوں کو مالی مشکلات کا شکار کرنا چاہتی ہے، لیبر ڈویژن

## انتظامیہ کی جانب سے گیٹ وے ایکس چینج میں سسٹم کے خاتمے پر اظہار مذمت

کراچی۔۔۔17/اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے اراکین نے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن لمیٹڈ کی انتظامیہ کی جانب سے گیٹ وے ایکسچینج میں 0102 اور 104 سسٹم کو ختم کرنے اور کنٹریکٹ پر من پسند افراد کو بھرتی کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ گیٹ وے ایکسچینج میں 0102 اور 104 کے سسٹم خاتمے کا اثر براہ راست صارفین پر پڑے گا اور انہیں بلوں کی مد میں بھاری مالی بوجھ برداشت کرنا پڑے گا۔انہوں نے کہا کہ ایک جانب صارفین کی رائے کے بغیر گیٹ وے ایکس چینج سے 0102 اور 104 سسٹم کو ختم کر دیا ہے جس سے بیرون ملک کی جانے والی غیر قانونی کالوں میں اضافہ ہوگا اور جس کا بوجھ صارفین کو برداشت کرنا پڑے گا جبکہ دوسری جانب انتظامیہ نے اس سسٹم پر کام کرنے والے ملازمین کو 17 اور 18 کیلئے ٹیلی فون آپریٹرز کے طور پر تعینات کرنے بجائے باہر سے کنٹریکٹ بیس پر من پسند افراد کو بھرتی کر رہی ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ انتظامیہ صارفین اور ادارے کے ملازمین کو معاشی مشکلات کا شکار کرنا چاہتی ہے۔ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے ارکان نے صدر جنرل پرویز مشرف ،وزیر اعظم شوکت عزیز اور ٹیلی کمیونیکیشن کے وفاقی وزیر سے مطالبہ کیا ہے کہ پی ٹی سی ایل انتظامیہ کی جانب سے 0102 اور 104 سسٹم کو ختم کرنے اور کنٹریکٹ کی بنیاد پر من پسند افراد کو بھرتی کرنے کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور انتظامیہ کی جانب سے صارفین اور محنت کشوں کو مالی مشکلات کا نشانہ بنانے کا سلسلہ بند کرایا جائے۔

☆☆☆☆☆